# معاہدہ طرز عمل برائے طالب علم

**(درجہ 12-6)**

| طالب علم کا نام | تاریخ پیدائش | جماعت |
|---|---|---|
| | | |

**مجھے معلوم ہے کہ مجھے یہ حق ہیں:**

- کہ میں ایک ایسے محفوظ اور مددگار قسم کے ماحول میں تعلیم حاصل کروں، جو ہر قسم کے امتیاز،ایذا دہی اور تعصب سے پاک ہو۔
- یہ جاننا کہ مناسب طرزعمل کیا ہے اور کون سے رویے انضباطی کارروائیوں کا سبب بن سکتے ہیں؛
- کہ میرے طرزِعمل سے متعلق مجھے پیشہ ور عملہ کے ارکان کی جانب سے مشورہ دیا جائے کیونکہ یہ اسکول میں میری تعلیم اور بہبود پر اثر انداز ہوتا ہے؛
- کہ اگر میں مبینہ طور پر اسکول کے قواعد کی خلاف ورزی کروں جس کے لیے مجھے جماعت سے معطل یا برطرف کیا جا سکتا ہو تو ایسی انضباطی کارروائی کے لئے باقاعدہ قانونی عمل اختیار کیا جائے گا۔

**مجھے منظور ہے کہ:**

- میں وقت پر اسکول آؤں؛
- اپنی جماعت کے شروع ہونے پر حاضر اور کام کرنے کے لئے تیار رہوں؛
- تمام جماعتوں کے لئے ضروری سازوسامان اور گھر پر کرنے کے لئے دیا گیا کام پورا کر کے ساتھ لاؤں؛
- تدریسی برادری کے تمام ارکان کے ساتھ عزت سے پیش آؤں؛
- تمام تنازعات پرامن طور پر حل کروں اور اسکول کے اندر یا باہر یا پروگراموں کے مقاموں پر جھگڑے سے گریز کروں؛
- جب عملہ کا کوئی رکن مجھے کوئی ہدایت یا مجھ سے کچھ کرنے کی درخواست کرے تو میں اس کے ساتھ ادب سے پیش آؤں، اس سے کوئی بحث نہ کروں اور اس سے تعاون کروں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر میں کسی مطالبہ سے متفق نہ ہوا تو مناسب وقت پر مجھے اپنے اعتراضوں کے اظہار کا موقع دیا جائے گا؛
- اپنی ذاتی چیزوں کی خود ذمہ داری لوں اور دوسروں کی چیزوں کا احترام کروں؛
- مناسب لباس زیبِ تن کروں اور دوسروں کو محرک کرنے والے لباس مثلاً ٹینک ٹاپس (Tank Tops)، مڈ رفس (Midriffs)، شارٹ شرٹس (Short Shirts) یا منی اسکرٹس (Mini Skirts) سے گریز کروں؛
- ایسے لباس پہننے سے گریز کروں جس پر کسی خاص گروہ کا نشان ہو (مثلاً اسکارف (Scarves) یا بندانہ) اور ایسے گروہوں کے نشان، نعرے، بولی، حرکات اور مصافحہ سے بھی پرہیز کروں؛
- اسلحہ، غیر قانونی دوائیں، ممنوع اشیا اور شراب اسکول لانے سے گریز کروں؛
- ایسی ذاتی اشیا اسکول نہ لاؤں جو دوسروں کے کام میں خلل ڈال سکتی ہوں جیسے سیل فون، بیپر، اور پیجر وغیرہ؛
- اگر کوئی چیز میرے علم میں ہو جو اسکول میں دوسروں کی صحت، تحفظ اور بہبود پر برا اثر ڈال سکتی ہے تو میں اسے اسکول کے حکام کے زیر غور لاؤں؛
- میں اپنے اسکول سے متعلق معاملات سے اپنے والدین / سرپرستوں کو آگاہ رکھوں اور یہ یقینی بناؤں کہ اگر میرے ساتھ کوئی اطلاع گھر بھیجی جائے تو وہ ضرور پہنچا دی جائے؛
- ضابطۂ انضباط (Discipline Code) کے تمام قواعد پر عمل کروں؛
- مسودہ برائے طلبا کے حقوق اور ذمہ داریاں (Bill of Student Rights and Responsibilities) میں درج کئے گئے اصولوں کے مطابق ہمیشہ ذمہ داری سے کام لوں؛

**مجھے ضابطۂ انضباط** اور **مسودہ برائے طلبا کے حقوق اور ذمہ داریاں** کی ایک ایک نقل موصول ہو گئی ہے اور میں اس معاہدہ کو سمجھتا ہوں۔ میں طرزعمل کے قاعدوں پر عمل کرنا منظور کرتا ہوں۔

طالب علم/طالبہ کا نام:____________________ دستخط:____________________ تاریخ:____________________

(جلی حروف میں)

---

## {والدین کا جز}

**مجھے ضابطۂ انضباط** اور **مسودہ برائے طلبا کے حقوق اور ذمہ داریاں** کی ایک ایک نقل موصول ہوگئی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ میرے بچے سے کیسا طرزعمل مطلوب ہے۔

میں اپنے بچے کو اس معاہدہ پر عمل میں مدد دینا منظور کرتا ہوں اور اس کے لئے میں:

- اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کروں گا کہ وہ اسکول کی برادری کا ایک پرامن اور باادب رکن بنے
- اپنے بچے سے ضابطۂ انضباط اور مسودہ برائے طلبا کے حقوق اور ذمہ داریاں پر بات چیت کروں گا
- اپنے بچے کی تعلیم سے متعلق کسی بھی بات چیت یا فیصلوں میں شرکت کروں گا
- اسکول کے عملہ کے ساتھ ملاقات کے لیے معینہ وقت کی پابندی کروں گا
- اسکول کو اپنے موجودہ ٹیلیفون نمبر اور ہنگامی حالات میں مجھ سے رابطہ کے لئے نمبر مہیا کروں گا
- اگر میرے بچے کی صحت یا خیر و عافیت میں کوئی ایسی اہم تبدیلی ہوتی ہے جس کا اس کی اسکول میں کارکردگی کی صلاحیت پر اثر پڑتا ہو تو میں اس سے اسکول کو مطلع کر دوں گا۔

والدین / سرپرست کا نام:______________________________ تاریخ:____________________

(جلی حروف میں)

والدین / سرپرست کے دستخط:______________________________

# معاہدہ طرز عمل برائے طالب علم
(K-5)

| طالب علم کا نام | تاریخ پیدائش | جماعت |
| --- | --- | --- |
| | | |

**مجھے معلوم ہے کہ مجھے یہ حق حاصل ہیں کہ:**

- میں ایک ایسے اسکول میں تعلیم حاصل کروں، جو ہر قسم کے امتیاز، ایذا دہی اور تعصب سے پاک ہو
- یہ جاننا کہ مناسب طرزعمل کیا ہے اور کون سے رویے انضباطی کارروائیوں کا سبب بن سکتے ہیں؛
- میرے طرزعمل سے متعلق مجھے عملے کے ارکان کی جانب سے مشورہ دیا جائے کیونکہ یہ اسکول میں میری تعلیم اور بہبود پر اثر انداز ہوتا ہے؛
- اگر میں اسکول کے قواعد کی خلاف ورزی کروں تو مجھے معطل یا برطرف کیا جا سکتا ہے، ایسی انضباطی کارروائی کے لئے باقاعدہ قانونی عمل اختیار کیا جائے۔

**مجھے منظور ہے کہ:**

- میں اپنے والدین کی مدد سے، کام کے لئے تیار، وقت پر اسکول آؤں؛
- با ادب اور شائستہ زبان استعمال کروں؛
- جماعت / برادری کے اجلاس میں شرکت کروں جس میں کسی کی غور و فکر، مدد اور ملنساری کو سراہا جائے؛
- تنازعات پرامن طور پر حل کروں اور اپنے جذبات الفاظ میں ہی بیان کروں؛
- لباس صاف ستھرا اور محفوظ قسم کا پہن کر آؤں؛
- اپنی ذاتی چیز میں سنبھال کر رکھوں گا / گی اور دوسروں کی چیزوں کا احترام کروں؛
- اپنے والدین کو ہر روز بتاؤں کہ آج میں نے اسکول میں کیا سیکھا ہے؛
- اپنا گھر میں کرنے کے لئے دیا گیا کام ہر روز کر کے لاؤں اور اپنے والدین / سر پرست (سرپرستوں) کو دکھاؤں؛
- ضابطۂ انضباط میں درج قوانین پر عمل کروں۔

میں نے اس بارے میں اپنے والدین سے تذکرہ کر لیا ہے اور میں اس معاہدہ پر عمل کروں گا / گی۔

طالب علم کا نام:____________________ دستخط:____________________ تاریخ:____________________
(جلی حروف میں)

## {والدین کا جز}

مجھے **ضابطۂ انضباط** اور **مسودہ برائے طلبا کے حقوق اور ذمہ داریاں** کی ایک نقل موصول ہو گئی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اسکول میں میرے بچے سے کیسا طرز عمل مطلوب ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ اپنے بچے کی تعلیم میں میرے حصہ لینے سے اسے اسکول میں مزید کامیاب ہونے میں مدد ملے گی۔ میں نے یہ معاہدہ پڑھ لیا ہے اور میں اپنے مندرجہ ذیل فرائض اپنی زیادہ سے زیادہ قابلیت کے ساتھ نبھانے کی کوشش کروں گا۔

- اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کروں گا کہ وہ اسکول کی برادری کا ایک پرامن اور باادب رکن بنے۔
- ضابطۂ انضباط اور مسودہ برائے طلبا کے حقوق اور ذمہ داریاں کے بارے میں اپنے بچے سے تذکرہ کروں گا۔
- والدین کی کانفرنس، جماعتی پروگراموں اور ایسی تمام دیگر سرگرمیوں میں شرکت کروں گا جن میں میرا بچہ ملوث ہو۔
- یہ یقینی بناؤں گا کہ میرا بچہ ہر روز وقت پر اسکول پہنچے۔
- گھر میں ایک ایسی پر سکون جگہ مہیا کروں گا جہاں میرا بچہ یا بچی بیٹھ کر اسکول سے گھر میں کرنے کے لئے دیا گیا کام کر سکے۔
- ہر روز کم از کم 15 منٹ اپنے بچے کے ساتھ پڑھنے میں صرف کروں گا۔
- اسکول میں جو کچھ ہوگا اپنے بچے / بچی سے روز اس کے بارے میں باتیں سنوں گا۔
- اسکول کو اپنے موجودہ ٹیلیفون نمبر اور ہنگامی ضرورت کے لئے مجھ سے رابطہ کا نمبر مہیا کروں گا۔
- اگر میرے بچے کی صحت یا خیر و عافیت میں کوئی ایسی اہم تبدیلی ہوئی جس کا اس کی اسکول میں کارکردگی کی صلاحیت پر اثر پڑ سکتا ہو تو میں اسکول کو اس سے مطلع کر دوں گا۔

والدین / سرپرست کا نام:____________________ تاریخ:____________________
(جلی حروف میں)

والدین / سرپرست کے دستخط:____________________